# حراست کےدوران اپنے حقوق یاد رکھیں

اس نوٹس میں بیان کردہ حقوق کی آپ کوانگلینڈ اورویلزکےقوانین کےتحت ضمانت دی جاتی ہے اور یہ فوجداری کاروائیوں میں معلومات کے حق کے حوالے سے یورپیئن قوانینEU Directive 2012/13 کےمطابق ہیں۔

اس صفحے پر پولیس سٹیشن میں موجودگی کے دوران آپ کے حقوق کا خلاصہ بیان کیا گیا ہے۔
اگلے صفحات کے پیراگرافس 1 سے11 میں مزید معلومات موجود ہیں۔
مُکمل تفصیلات پولیس کے کوڈ آف پریکٹس سی Code of Practice C میں موجود ہیں

1. اگر آپ کو کسی وکیل (وکیل سولِسٹر) کی ضرورت ہو تو پولیس کو بتائیں، تاکہ وہ آپ کے پولیس سٹیشن میں ہونے کے دوران آپ کی مدد کر سکے۔ یہ مُفت میں دستیاب ہے۔
2. اگرآپ کسی کو بتانا چاہتے ہیں کہ آپ پولیس سٹیشن میں ہیں تو پولیس سے بات کیجئے۔ یہ مُفت میں دستیاب ہے۔
3. اگرآپ پولیس کے قواعد کو دیکھنا چاہتے ہیں تو اُن کو بتائیے۔ ان کو کوڈز آف پریکٹس کہا جاتا ہے۔
4. اگرآپ کوطبی مدد کی ضرورت ہو تو پولیس کو بتائیے۔ اگرآپ بیمار محسوس کرتے ہوں یا اگر آپ کو چوٹ لگی ہو تو پولیس کو بتائیں۔ طبی مدد مُفت میں دستیاب ہے۔
5. اگرآپ کو کسی جُرم کے شک سے سوالات کئے جاتے ہیں، تو آپ کا کچھ کہنا لازمی نہیں ہے۔ تاہم، اگرسوال پوچھے جانے کے دوران آپ کسی ایسی بات کا ذکر نہیں کرتے جس پر بعد میں آپ عدالت میں انحصار کریں گے تو اس سے آپ کے دفاع کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ آپ کی طرف سے کہی گئی کوئی بھی بات ثبوت کے طور پر پیش کی جا سکتی ہے۔
6. پولیس کو آپ کو لازمی طور پر اُس جُرم کے بارے میں بتانا چاہیے جس کے بارے میں وہ سمجھتے ہیں کہ آپ نے اُس کا ارتکاب کیا ہے اور یہ بھی کہ آپ کو کیوں گرفتار کیا گیا ہے اور کیوں حراست میں رکھا گیا ہے۔
7. پولیس کے لیئے یہ لازمی ہے کہ وُہ آپ یا آپ کے وکیل کو اُن دستاویزات اور ریکارڈ تک رسائی مہیا کریں جن میں یہ درج ہو کہ آپ کو کیوں گرفتار کیا گیا ہے اور کیوں حراست میں رکھا جا رہا ہے اور جن میں آپ کے پولیس سٹیشن میں رکھے جانے کے بارے میں تفصیلات درج ہوں۔
8. اگرآپ کو مترجم کی ضرورت ہو، تو پولیس کو لازمی طور پر اُس کا انتظام کرنا ہوگا۔ آپ بعض دستاویزات کا ترجمہ بھی کروا سکتے ہیں۔ یہ مُفت میں دستیاب ہے۔
9. اگر آپ برطانوی شہری نہیں ہیں اور اپنے سفارت خانے یا کونسلیٹ سے رابطہ کرنا چاہتے ہیں یا اُنہیں بتانا چاہتے ہیں کہ آپ زیرحراست ہیں، تو پولیس کو بتائیں۔ یہ مُفت میں دستیاب ہے۔
10. پولیس کو آپ کو لازمی طور پر بتانا چاہیے کہ وہ آپ کو کتنی دیر حراست میں رکھ سکتے ہیں۔
11. اگر آپ پر الزام عائد کیا جاتا ہے اور مقدمہ عدالت میں جاتا ہے، تو آپ اور آپ کے وکیل کو عدالتی سماعت سے پیشتر استغاثہ کے پاس موجود ثبوت دیکھنے کا حق حاصل ہوگا۔

اگر آپ ان حقوق میں سے کسی کے بارے میں پُریقین نہیں ہیں، تو پولیس کسٹڈی افسر کو بتائیں

Home Office

Legal Aid Agency

The Law Society

اس بارے میں مزید معلومات کے لئے کہ پولیس کو آپ کےساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے اور آپ کا کیسے خیال رکھنا چاہیے، خلاصے کے بعد کے صفحات دیکھیں

**نوٹس آف رائٹس اینڈ اینٹائٹلمنٹس کا یہ ورژن** 21 اگست 2019 **سے قابل عمل ہے۔**

برائے کرم ان معلومات کو اپنے پاس رکھیں اور جتنی جلدی ہو سکے انہیں پڑھ لیں۔ یہ پولیس سٹیشن میں ہونے کے دوران فیصلے کرنے میں آپ کی مدد کریں گی۔

## 1 آپ کی مدد کے لیے کسی وکیل (سولِسٹر) کی خدمات حاصل کرنا

- ایک وکیل قانون کے بارے میں آپ کی مدد کرسکتا ہے اور آپ کو مشورہ دے سکتا ہے۔
- کسی وکیل سے بات کرنے کے لیے کہنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ایسا لگتا ہے کہ آپ نے کوئی غلط کام کیا ہے۔
- پولیس حراستی افسر (کسٹڈی افسر) کو لازمی طور پر آپ سے پوچھنا چاہیے کہ کیا آپکو قانونی مدد کی ضرورت ہے۔ یہ مُفت میں دستیاب ہے۔
- پولیس کو لازمی طور پر کسی بھی وقت، دن یا رات، پولیس سٹیشن میں آپ کی موجودگی کے دوران آپ کو وکیل سے بات کرنے دینا چاہیے۔
- اگرآپ قانونی مشورےکےلئےکہتےہیں تو پولیس کو عام طور پر اس وقت تک سوالات پوچھنے کی اجازت نہیں ہوتی جب تک آپ کو کسی وکیل سے ملنے کا موقع نہیں مل جاتا۔ جب پولیس آپ سے سوالات پوچھتی ہے تو آپ کہہ سکتے ہیں کہ ایک وکیل کمرے میں آپ کے ساتھ موجود ہو۔
- اگرآپ پولیس کو بتاتے ہیں کہ آپ کو قانونی مشورہ نہیں چاہیے لیکن اس کے بعد اپنا ارادہ تبدیل کر لیتے ہیں تو پولیس کے حراستی افسر کو بتائیں جو کسی وکیل سے رابطے کے لیے آپ کی مدد کرے گا۔
- اگر کوئی وکیل نہیں آتا یا آپ سے پولیس سٹیشن پررابطہ نہیں کرتا، یا اگر آپ کو وکیل سے دوبارہ بات کرنے کی ضرورت ہو تو پولیس کو ان سے دوبارہ رابطہ کرنے کے لیے کہیں.

**کچھ غیر سنگین نوعیت کے معاملات کے لیے مفت قانونی مدد:**

- غیر سنگین نوعیت کےمعاملات والے کُچھ مقدمات میں، مفت قانونی مشورہ کریمنل ڈیفنس سروس ڈائریکٹ Criminal Defence Service (CDS) Direct کے سند یافتہ مشیران کی طرف سے ٹیلی فون پر مشورے تک محدود ہوتا ہے ماسوائے کُچھ مخصوص حالات میں جب کسی وکیل کو پولیس سٹیشن آنا چاہیے، جیسا کہ:
  - ~ پولیس آپ سے کسی جُرم کے بارے میں سوالات پوچھنا چاہتی ہے یا کسی آنکھوں دیکھنے والے گواہ کےشناختی طریقہ کار پر عمل درآمد کرتی ہے۔
  - ~ آپ کو کسی 'مناسب بالغ ساتھی' کی طرف سےمدد کی ضرورت ہو۔ ملاحظہ کیجئے **"**وُہ لوگ جنہیں مدد کی ضرورت ہو**"**۔
  - ~ آپ ٹیلی فون پر بات چیت کرنے کے قابل نہ ہوں، یا
  - ~ آپ پولیس کی طرف سے سنگین نوعیت کی بدسلوکی کا الزام عائد کرتے ہوں۔

**جب مفت قانونی مدد سی ڈی ایس ڈائریکٹ CDS DIRECT کی طرف سے ٹیلی فون پر دئیے جانے والے مفت قانونی مشورے تک محدود نہیں ہوتی ہے:**

- آپ اپنی جان پہچان کے کسی وکیل سے بات کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں اور اگر وہ لیگل ایڈ پرکام کرتے ہوں تو اس کے لیے آپ کو ادائیگی نہیں کرنا ہو گی۔ اگر آپ کسی وکیل کو نہیں جانتے یا آپ کی جان پہچان والے وکیل سے رابطہ نہیں کیا جاسکتا تو آپ ڈیوٹی پر حاضر وکیل سے بات کر سکتے ہیں۔ یہ مُفت ہے۔
- ڈیوٹی پر حاضر وکیل کا پولیس سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔

**مفت قانونی مشورے کا بندوبست کرنے کے لیے:**

- پولیس ڈیفنس وکیل کال سنٹر(Defence Solicitor Call Centre (DSCC سے رابطہ کرے گی۔ DSCC قانونی مشورہ دینے کا بندوبست کرے گا، یا تو سی ڈی ایس ڈائریکٹ کی طرف سے، یا کسی ایسے وکیل کی طرف سے جس کے لیے آپ نے کہا ہو، یا ڈیوٹی پر حاضر وکیل کی طرف سے۔
- ڈی ایس سی سی اور سی ڈی ایس ڈائریکٹ آزاد خدمات ہیں، جو مفت قانونی مشورہ فراہم کرنے کا انتظام کرنے کے ذمہ دار ہیں اور اُن کا پولیس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہوتا۔

**اگر آپ قانونی مشورے کے لیے خود ادائیگی کرنا چاہتے ہیں:**

- اگر آپ چاہیں تو تمام مقدمات میں قانونی مشورے کے لیئےادائیگی کر سکتے ہیں۔
- جب مفت قانونی مشورہ سی ڈی ایس ڈائریکٹ کی طرف سے ٹیلی فون پرمشورے تک محدود ہو تو آپ تب بھی اگر چاہیں تو اپنی پسند کے کسی وکیل کے ساتھ ٹیلی فون پربات چیت کر سکتے ہیں ، لیکن اس کے لیے ادائیگی لیگل ایڈ کی طرف سے نہیں کی جائے گی اور وہ وکیل آپ کو ادائیگی کرنے کے لیئے کہہ سکتے ہیں۔ ڈی ایس سی سی DSCC آپ کی جانب سے آپ کے اپنے وکیل سے رابطہ کریں گے۔
- آپ اپنی پسند کے وکیل کے ساتھ علیحدگی میں بات کر سکتے ہیں، جو یا تو فون پر ہو گی یا وہ آپ سے ملنے کے لیے پولیس سٹیشن بھی آ سکتے ہیں۔
- اگرآپ کی پسند کے وکیل سے رابطہ نہیں کیا جا سکتا تو پولیس اس کے باوجود ڈی ایس سی سے رابطہ کرے گی تاکہ ڈیوٹی پر حاضر وکیل کی طرف سےآپ کے لیے مفت قانونی مشورے کا بندوبست کیا جا سکے۔

## 2. کسی کو بتانا کہ آپ پولیس سٹیشن میں ہیں

- آپ پولیس کو کہہ سکتےہیں کہ وہ کسی ایسے شخص سے رابطہ کرے جس کو یہ جاننے کی ضرورت ہو کہ آپ پولیس سٹیشن میں ہیں۔ یہ مُفت میں دستیاب ہے۔
- وہ جتنی جلد ہوسکا، آپ کے لیے کسی سے رابطہ کریں گے۔

## 3. کوڈز آف پریکٹس کو دیکھنے کے حوالے سے

- کوڈز آف پریکٹس وہ قوانین ہیں جو آپ کو بتائیں گے کہ آپ کی پولیس سٹیشن میں موجود گی کے دوران پولیس کیا کر سکتی ہے اور کیا نہیں کر سکتی ہے۔ اُن میں وُہ حقوق بھی شامل ہیں جن کا خلاصہ اس نوٹس میں دیا گیا ہے۔
- پولیس آپ کو کوڈز آف پریکٹس پڑھنے دے گی لیکن اگراس سے پولیس کو یہ جاننے میں تاخیر ہو کہ کیا آپ نے قانون کو توڑا ہےتو آپ ایسا نہیں کرسکتے۔
- اگرآپ کوڈز آف پریکٹس پڑھنا چاہتے ہیں، تو پولیس کے حراستی افسر سے بات کریں

## 4. اگر آپ بیمار یا زخمی ہوں تو طبی مدد حاصل کرنا

- اگر آپ بیمار محسوس کرتے ہوں یا آپ کو کسی دوا کی ضرورت ہو تو پولیس کو بتائیں۔ وہ کسی ڈاکٹر یا نرس کو، یا کسی طبی ماہر کو بُلائیں گے اور یہ مُفت میں دستیاب ہے۔
- آپ کو اپنی ذاتی دوا لینے کی اجازت دی جا سکتی ہے لیکن پولیس کو پہلے اس کا معائنہ کرنا ہوگا۔ عام طور پر ایک نرس آپ کو پہلے دیکھے گی، لیکن اگر آپ کو ضرورت ہو تو پولیس کسی ڈاکٹر کو بھی بلائے گی ۔ آپ کسی اور ڈاکٹر کو بلانے کے لیے بھی کہہ سکتے ہیں لیکن آپ کو اس کے لیے ادائیگی کرنا ہوگی۔

## 5. خاموش رہنے کا حق

اگر آپ سے مشکوک جُرم کے بارے میں سوالات پوچھے جاتے ہیں، تو آپکے لئے لازمی نہیں کہ آپ جواب میں کچھ کہیں۔

تاہم، اگر آپ ایسے سوالات کے جوابات میں کچھ نہیں کہتے جن پربعد میں آپ عدالت میں بھروسہ کریں گےتو اس سے آپ کے دفاع کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

آپ جو بھی کہیں گے، اُس کو ثبوت کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے۔

## 6. اُس جُرم کے بارے میں جاننا جس کےارتکاب کا آپ پرشک کیا گیا ہے اور یہ جاننا کہ آپ کو کیوں گرفتار کیا گیا ہے اور حراست میں رکھا گیا ہے۔

- پولیس کو آپ کو لازمی طورپراُس جُرم کی نوعیت کےبارے میں بتانا چاہیے جس کے بارے میں وہ سمجھتے ہیں کہ آپ نے اس کا ارتکاب کیا ہے۔ اس میں یہ بھی شامل ہے کہ اُن کےخیال میں اس کا ارتکاب کب اور کہاں کیا گیا۔
- پولیس کو آپ کو لازمی طور پر بتانا چاہیے کہ وہ کیوں سمجھتے ہیں کہ آپ نے جُرم کا ارتکاب کیا ہے اور جس کی وجہ سے وہ سمجھتے ہیں کہ اُنہیں آپ کو گرفتار کرنے کی ضرورت پیش آئی۔
- پولیس اسٹیشن میں پولیس کو آپ کو لازمی طورپر بتانا چاہیے کہ وہ اس بات پر کیوں یقین رکھتے ہیں کہ آپ کو گرفتار کرنے کی ضرورت تھی۔
- اس سے پیشتر کہ آپ سے کسی جُرم کے بارے میں سوالات پوچھے جائیں، پولیس کو اس امر کے بارے میں آپ کو اور آپ کے وکیل کو لازمی طور پر مناسب معلومات مہیا کرنی چاہیں کہ اُن کے خیال میں آپ نے کیا کیا ہے، تاکہ آپ اپنا دفاع کر سکیں، ماسوائے اُن حالات میں جب پولیس کی تفتیش کو نقصان پہنچتا ہو۔
- یہ کسی دیگر ایسے الزامات پر لاگو ہوتا ہے جن کے بارے میں پولیس سمجھتی ہے کہ آپ نے اُن کا ارتکاب کیا ہے۔

## 7. آپ کی گرفتاری اور حراست کے بارے میں ریکارڈ دیکھنا

- جب آپ کو کسی پولیس اسٹیشن میں حراست میں رکھا جاتا ہے، تودرج ذیل کی تکمیل پولیس کے لیئے لازمی ہوتی ہے:
  - ~ آپ کی حراست کےریکارڈ میں آپ کو گرفتار کرنے کی وجہ اور ضرورت کے بارے میں درج کریں اور یہ بھی کہ وُہ کیوں سمجھتے ہیں کہ آپ کو زیرحراست رکھا جائے۔
  - ~ آپ کو اور آپ کے وکیل کو یہ ریکارڈ دیکھنے دے۔ اس کا انتظام پولیس کسٹڈی افسر کرے گا۔
- یہ دیگر ایسے جرائم پر بھی لاگو ہوگا جن کےبارے میں پولیس سمجھتی ہے کہ آپ نے اُن کا ارتکاب کیا ہے۔
- پولیس کو لازمی طور پر آپ کو اور آپ کے وکیل کو اُن دستاویزات اور مواد تک رسائی دلانا چاہیے جو آپ کی گرفتاری اور حراست کے جواز کو مؤثر طور پر چیلنج کرنے کے لئے لازمی ہے۔

## 8. آپ کی مدد کے لیے کسی مُترجم کو بلانا اور بعض دستاویزات کا ترجمہ کروانا

- اگر آپ انگریزی نہیں بولتے یا سمجھتے تو پولیس آپ کی مدد کے لیے کسی ایسے شخص کا انتظام کرے گی جو آپ کی زبان بولتا ہو۔ یہ مُفت میں دستیاب ہے۔
- اگرآپ سماعت سےمحروم ہیں یا بولنے میں مشکل محسوس کرتے ہیں، تو پولیس آپ کی مدد کے لیے اشاروں کی برطانوی زُبان (برطانوی سائن لینگویج) کےانگریزی کے مُترجم کا انتظام کرے گی۔ یہ مُفت میں دستیاب ہے۔
- اگرآپ انگریزی بول یا سمجھ نہیں سکتے، تو پولیس آپ کو یہ بتانے کے لئے مترجم کا انتظام کرے گی کہ وہ آپ کو کیوں حراست میں رکھ رہے ہیں۔ اس کا کیا جانا اُن تمام حالات میں لازمی ہے جب پولیس آپ کو حراست میں رکھنے کا فیصلہ کرتی ہے۔
- آپ کو حراست میں رکھنے کے ہر فیصلے کے بعد اور آپ پر کسی بھی جُرم کا الزام عائد کئے جانے کے بعد، پولیس کو لازمی طور پر آپ کو آپ کی اپنی زُبان میں درج کی گئی تفصیلات کا ریکارڈ مہیا کرنا چاہیے کہ آپ کو حراست میں کیوں رکھا جارہا ہے اور آپ پر کس جُرم کا الزام عائد کیا گیا ہے، جب تک کہ ایسا نہ کرنے کی کوئی خصوصی وجوہات موجود ہوں جو درج ذیل ہیں:
  - ~ اگرآپ یہ فیصلہ کرتےہیں کہ آپ کو اپنے دفاع کے لئے ریکارڈ رکھنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ آپ مکمل طور پر سمجھتے ہیں کہ کیا ہو رہا ہے اور آپ کو پولیس سے اپنا ریکارڈ حاصل کرنے کے حق سے دستبردار ہونے کے نتائیج کی مکمل سمجھ ہے اور پولیس نے فیصلہ کرنے میں آپ کی مدد کے لئے آپ کو کسی وکیل سے مدد لینے کے لیئے کہا ہے۔ اس کے علاوہ آپ کا اپنی رضامندی تحریری طور پر دینا لازمی ہے۔
  - ~ اگرکسی تحریری ترجمہ کی بجائےکسی مُترجم کی طرف سے زبانی ترجمہ یا خلاصہ آپ کیلئے اپنے دفاع کی غرض سے کافی ہو اور آپ مکمل طور پر سمجھتے ہوں کہ کیا ہورہا ہے۔ یہ بھی ضروری ہے کہ حراستی افسر(کسٹڈی افسر) اس کی اجازت دے۔
  - جب پولیس آپ سےسوالات پوچھتی ہے اور پولیس اہلکار اُس کی سماعتی ریکارڈنگ نہیں کرتے، تو مُترجم آپ کی اپنی زبان میں پوچھے گئے سوالات اور جوابات کا ایک ریکارڈ رکھے گا۔ ایک درست ریکارڈ کے طور پر اس پردستخط کرنے سے پیشتر آپ اس کا معائنہ کرسکیں گے۔
- اگر آپ پولیس کو کوئی بیان دینا چاہتے ہیں، تو مُترجم اس بیان کی ایک نقل آپ کی اپنی زبان میں تیار کرے گا جو آپ کے لیے ہو گی تا کہ آپ اس کا معائنہ کر سکیں اور اس کی درستگی کی تصدیق کے لیے اس پر دستخط کریں۔
- آپ کو اس نوٹس کا ترجمہ حاصل کرنے کا بھی حق حاصل ہے۔ اگر ترجمہ دستیاب نہیں ہے، تو آپ کو لازمی طور پر کسی مترجم کے ذریعے معلومات مہیا کی جانی چاہیں اور کسی نامناسب تاخیر کے بغیر ترجمہ مہیا کیا جانا چاہیے۔

## 9. اپنے سفارت خانےیا کونسلیٹ سےرابطہ کرنا

اگرآپ برطانوی شہری نہیں ہیں تو آپ پولیس کو بتا سکتے ہیں کہ آپ اپنے ہائی کمیشن، سفارت خانہ یا کونسلیٹ سے رابطہ کرنا چاہتے ہیں، تا کہ انہیں بتا سکیں کہ آپ کہاں پر ہیں اور پولیس سٹیشن میں کیوں ہیں۔ وہ بھی آپ سے علیحدگی میں ملاقات کر سکتے ہیں اور آپ سے ملنے کے لیے کسی وکیل کا بندوبست کر سکتے ہیں۔

## 10. آپ کو کتنی دیرتک روکا جاسکتا ہے؟

- آپ کو عام طور پر بغیر کوئی الزام عائد کئے 24 گھنٹے تک کے لیے حراست میں رکھا جا سکتا ہے- یہ اس سے لمبی مدت کے لیئے بھی ہوسکتا ہے لیکن صرف اُن جرائم کے سلسلے میں جب ایک کراؤن کورٹ میں جج اورجیوری کے ساتھ مقدمہ چلایا جا سکتا ہو اورکوئی پولیس سُپرنٹنڈنٹ یا عدالت ایسا کرنے کی اجازت دیتے ہوں- 36 گھنٹے کے بعد صرف کوئی عدالت ہی پولیس کو بغیر جُرم کا الزام عائد کئے آپکو حراست میں رکھنے کے لیے مزید وقت دے سکتی ہے-
- بعض اوقات ایک سینئر پولیس افسر کو یہ دیکھنے کے لیے کہ کیا آپ کو اب بھی پولیس سٹیشن میں رکھا جانا چاہیے لازمی طور پر آپ کے معاملے پر نظر ڈالنا ہو گی - اس کو نظرثانی (ریویو) کہا جاتا ہے اور نظر ثانی کرنے ووالا افسر ریویو افسر ہوتا ہے-- ماسوائے اُس وقت جب آپ صحت مند حالت میں نہ ہوں، آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ اس فیصلے کے بارے میں تحریری طور پر یا ریویو افسر کو ذاتی طور پر یا ٹیلی ویژن لنک پر بتانے کے ذریعے اپنی رائے کا اظہار کریں- آپ کے وکیل کو بھی آپ کی جانب سے اس فیصلے کے بارے میں اپنی رائے دینے کا حق حاصل ہے-
- اگر ریویو افسر آپ کو رہا نہیں کرتا ، تو آپ کو لازمی طور پر اس کی وجہ بتائی جانی چاہیے اور اس وجہ کا اندراج آپ کی حراست کے ریکارڈ (کسٹڈی ریکارڈ) میں کیا جانا چاہیے-
- اگرآپ کی حراست ضروری نہیں ہے تو آپ کو لازمی طورپر رہا کیا جانا چاہیے- اگرپولیس آپ کو بتاتی ہےکہ وہ جُرم کی تفتیش جاری رکھنا چاہتی ہے، تو آپ کو ضمانت پرنیا ضمانت کے بغیر رہا کیا جا سکتا ہے- اگرآپ کوضمانت پر رہا کیا جاتا ہے، تو آپ کو یہ بتانے کے لئے لازمی طور پر ایک تحریری نوٹس دیا جانا چاہیے کہ آپ کو لازمی طور پر پولیس اسٹیشن واپس آنا ہوگا اور آپ کو کسی شرائط کے بارے میں بتایا جانا چاہیے جو ہو سکتا ہے آپ کی ضمانت پر لاگو ہوتی ہوں-
- جب پولیس آپ کی حراست میں توسیع کے لئے عدالت کو درخواست دینا چاہتی ہو:
  - تو یہ لازمی ہے کہ آپ کو سماعت کے لیئے عدالت میں لایا جانا چاہیے جس کے لیئے ایک ٹیلی ویژن لنک سیٹ اپ نہ کیا گیا ہو، تاکہ آپ عدالت میں موجود افراد کو دیکھ اور سُن سکیں اور وہ بھی آپ کو دیکھ اور سُن سکیں-
  - ٹیلی ویژن لنک تب تک سیٹ اپ نہیں کیا جاسکتا جب تک کسٹڈی افسر اس کوموزوں نہیں سمجھتا، کسی سولیسٹر نے آپ کو اس کے استعمال کے بارے میں بتایا نہ ہو اور آپ نے اپنی رضامندی نہ دی ہو-
  - آپ کو لازمی طور پر اُن معلومات کی ایک نقل دی جانی چاہیے، جو عدالت کو ثبوت کے بارے میں اور اس امر کے بارے میں بتاتی ہیں کہ پولیس آپ کو کیوں حراست میں رکھنا چاہتی ہے-
  - آپ کو عدالت میں اپنی سماعت کیلئے اپنے ساتھ کوئی وکیل رکھنے کا حق حاصل ہے-
  - پولیس کو آپ کی مسلسل حراست کی اجازت صرف تب دی جائےگی جب عدالت یہ سمجھتی ہو کہ یہ ضروری ہے اور یہ کہ پولیس آپ کے مقدمے کی احتیاط کے ساتھ اور کوئی وقت ضائع کئے بغیر تفتیش کر رہی ہے-
- اگر پولیس کے پاس آپ کو عدالت میں بھیجنے کے لئے کافی شواہد موجود ہوں، تو آپ پر پولیس اسٹیشن میں جُرم عائد کیا جا سکتا ہے، یا بذریعہ ڈاک آپ کو مقدمے کے لئے عدالت میں حاضر ہونے کے لئے کہتے ہوئے آپ پر جُرم عائد کیا جا سکتا ہے-

## 11. اگرآپ کا مقدمہ عدالت میں جاتا ہے تو شہادت تک رسائی

- اگرآپ پرجُرم عائد کیا جاتا ہے، تویہ لازمی ہے کہ آپ اور آپ کے وکیل کو آپ کے خلاف

موجود شواہد کو دیکھنے کی اجازت دی جانی چاہیے، بمع اُس ثبوت کےجو دفاع میں آپ کی

مدد کرسکتا ہو۔ ایسا لازمی طور پر مقدمہ شروع ہونے سے پیشتر کیا جانا چاہیے۔ پولیس اور کراؤن پراسیکیوشن سروس کولازمی طورپراس کا انتظام کرنا چاہیے اور متعلقہ دستاویزات اور مواد تک رسائی مُہیا کرنی چاہیے۔

# پولیس سٹیشن میں ہونے کے بارے میں دیگر باتیں جن کا آپ کو علم ہونا چاہیے

## آپ کے ساتھ کیسا سلوک ہونا چاہیے اور کیسی دیکھ بھال کی جانی چاہیے

یہ نوٹس آپ کو اس امر کے بارے میں بتاتے ہیں کہ پولیس سٹیشن میں رکھے جانے کے دوران آپ کس بات کی توقع رکھ سکتے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے، کوڈزآف پریکٹس دیکھنے کے لیے کہیں۔ ان میں اس بارے میں ایک فہرست بھی شامل ہے کہ ان امور میں سے ہر ایک کے بارے میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ اگر آپ کوئی سوالات پوچھنا چاہتے ہوں تو پولیس کسٹڈی افسر سے پوچھیں۔

## وہ لوگ جنہیں مدد کی ضرورت ہو

- اگرآپ کی عمر18 سال سے کم ہے یا اگرآپ کے کومسائل ہوں، مثال کے طور پر اگر آپ کو سیکھنے کی مشکلات درپیش ہیں یا اگر آپ کو ذہنی صحت کےمسائل ہوں، تو آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ پولیس کی مخصوص کاروائیوں کے دوران آپ کے ساتھ کوئی شخص موجود ہو۔ اس شخص کو آپ کا "مناسب بالغ ساتھی" کہا جاتا ہے اوراُس کو ان معلومات کی ایک نقل مہیا کی جائے گی۔
- آپ کا مناسب بالغ ساتھی یہ سمجھنے میں آپ کی مدد کرے گا کہ کیا واقع ہو رہا ہے اوروہ آپ کے مُفادات کا خیال رکھےگا۔ وہ اُس وقت لازمی طور پر آپ کے ساتھ ہونا / ہونی چاہیے جب پولیس آپ کو آپ کے حقوق کےبارے میں بتاتی ہے اور یہ بتاتی ہے کہ آپ کو پولیس سٹیشن میں کیوں رکھا جا رہا ہے۔ اُس کو اس وقت بھی لازمی طور پر آپ کے ساتھ ہونا چاہیے جب پولیس کی طرف سے آپ کو انتباہی بیان (کاشن) پڑھ کرسنایا جاتا ہے۔
- آپ کا مناسب بالغ ساتھی بھی آپ کی جانب سے کسی وکیل کے لیے کہہ سکتا ہے۔
- اگر آپ چاہیں تو کمرے میں مناسب بالغ ساتھی کی موجودگی کے بغیر بھی اپنے وکیل سے بات چیت کر سکتے ہیں۔
- ہوسکتا ہے کہ آپ کی پولیس سٹیشن میں موجودگی کے دوران پولیس کو مندرجہ ذیل میں سے کوئی اقدام کرنے کی بھی ضرورت پیش آئے۔ اگر پولیس مندرجہ ذیل میں سے کوئی اقدام کرتی ہے تو جب تک کوئی خاص وجوہات نہ ہوں، آپ کے مناسب بالغ ساتھی کو لازمی طور پر تمام اوقات میں آپ کے ساتھ ہونا چاہیے، ۔

~ آپ کا انٹرویو کرتی ہے یا آپ کو تحریری بیانات یا پولیس کے کاغذات پر دستخط کرنے کے لیے کہتی ہے۔

~ آپ کی تلاشی کے لیے آپ کے بیرونی لباس سے زیادہ کوئی کپڑے اُتارتی ہے۔

~ آپ کی انگلیوں کے نشانات، تصویر، ڈی این اے یا کوئی اور نمونہ لیتی ہے۔

~ گواہ کی شناخت کے طریقہ کار سے متعلق کوئی بھی کام سرانجام دیتی ہے۔

- جب پولیس یہ دیکھنے کے لئے آپ کے مقدمے کی نظرثانی کرتی ہے کہ کیا آپ کو مزید وقت کے لئے زیرحراست رکھا جانا چاہیے، تب آپ کے مناسب بالغ ساتھی کوآپ کی مدد کیلئےذاتی طور پر یا فون پر دستیاب ہونے کا موقع دیا جانا چاہیے۔
- جب پولیس آپ پر جُرم عائد کرے تو اگرآپ کا مناسب بالغ ساتھی دستیاب ہو تو وہ بھی اس وقت حاضرہونا چاہیے

## پولیس سٹیشن میں آپ کی موجودگی کے وقت کی تفصیلات حاصل کرنا

- پولیس سٹیشن میں آپ کی موجودگی کے دوران ہونے والی ہر بات کو ریکارڈ کیا جاتا ہے۔ اسے حراستی ریکارڈ کہا جاتا ہے۔

- جب آپ پولیس سٹیشن سے فارغ ہوتے ہیں، تو آپ، آپ کا وکیل یا آپ کا کوئی مناسب بالغ ساتھی حراستی ریکارڈ (کسٹڈی ریکارڈ) کی ایک نقل حاصل کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔ پولیس کو جتنی جلدی ممکن ہو سکے آپ کو آپ کے کسٹڈی ریکارڈ کی نقل دینا لازم ہے۔
- آپ پولیس سٹیشن سے فارغ ہونے کے بعد 12 ماہ تک پولیس سے اپنےکسٹڈی ریکارڈ کی نقل طلب کر سکتے ہیں۔

## رابطے میں رہنا

- کسی وکیل سے بات کرنے اور کسی شخص کو اپنی گرفتاری کے بارے میں بتانے کے ساتھ ساتھ عام طور پر آپ کو ایک ٹیلی فون کال کرنے کی اجازت بھی دی جائے گی۔
- اگر آپ ایک فون کال کرنا چاہتے ہیں تو پولیس سے درخواست کیجئے۔
- آپ ایک قلم اور کاغذ بھی طلب کر سکتے ہیں۔
- آپ ملاقاتیوں سے مل سکتے ہیں لیکن کسٹڈی افسر اس کی اجازت دینے سے انکار کر سکتا ہے۔

## آپ کا کمرہ (سیل)

- اگر ممکن ہو تو آپ کو اپنے کمرے(سیل) میں رکھا جانا چاہیے۔
- یہ صاف، گرم اور روشن ہونا چاہیے۔
- آپ کا بستر صاف اور مناسب حالت میں ہونا چاہیے۔
- یہ لازمی ہے کہ آپ کو ٹوئیلٹ کا استعمال کرنےاور ہاتھ مُنہ دھونے کی اجازت دی جانی چاہیے۔

- یہ ضروری ہے کہ آپ سے پوچھا جانا چاہئے کہ کیا آپ اپنی صحت، حفظان صحت اور فلاح و بہبود سے متعلقہ کسی ذاتی ضروریات جو آپ کو حراست میں رکھنے کے دوران آپ پر اثر انداز ہو سکتی ہوں یا آپ کے لیے تشویش کا باعث ہو سکتی ہوں، کے بارے میں کسٹڈی سٹاف یعنی تحویل میں رکھنے والے عملے کے فرد کے ساتھ علیحدگی میں بات کرنا چاہتے ہیں۔

- پولیس آپ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ضروری سمجھی جانے والی مصنوعات کی فراہمی کا بندوبست کرے گی۔ اگر آپ چاہیں تو جس شخص سے آپ یہ بات کریں وہ آپ ہی کی جنس سے متعلق رکھتے ہوں (یعنی مرد یا عورت).

- اگر آپ 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کی خاتون ہیں، تو یہ ضروری ہے کہ آپ سے پوچھا جانا چاہئے کہ کیا آپ کو تحویل کے دوران ماہواری کی کسی چیز کی ضرورت ہے یا اس کی ضرورت ہوسکتی ہے اور آپ کو درج ذیل بتایا جانا چاہئے:

~ مصنوعات مفت فراہم کی جائیں گی۔

~ بدلنے کے لئے مزید مصنوعات دستیاب ہوں گی؛ اور

~ اگر آپ کے اہل خانہ یا دوست اپنے خرچ پر سامان فراہم کرنا چاہیں تو تحویلی افسر کی رضامندی سے یہ ممکن ہو سکتا ہے۔

- اگر آپ 18 سال سے کم عمر کی لڑکی ہیں تو تحویلی افسر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ پولیس اسٹیشن میں ایک عورت آپ کی دیکھ بھال کرنے اور آپ سے آپ کی ذاتی ضروریات اور ماہواری کی مصنوعات کے بارے میں پوچھنے کے لیے دستیاب ہو۔

21 اگست 2019

## کپڑے

اگرآپ کے اپنے کپڑے آپ سے لے لیئے جاتے ہیں، تو یہ لازمی ہے کہ پولیس آپ کومتبادل کپڑے فراہم کرے ۔

## کھانا اور پینا

آپ کو لازمی طورپردن میں 3 دفعہ مشروبات کےساتھ کھانےکی پیشکش کی جانی چاہیئے۔ آپ کھانوں کےدرمیان بھی مشروبات لے سکتے ہیں۔

## ورزش

اگر ممکن ہو تو آپ کو روزانہ تازہ ہوا کے لیے باہر جانے کی اجازت دی جانی چاہیے۔

## جب پولیس آپ سےسوال پوچھتی ہے

- کمرہ صاف، گرم اورروشن ہونا چاہیے۔
- آپ کا کھڑا ہونا لازمی نہیں ہونا چاہیے۔
- پولیس افسران کو چاہئے کہ آپ کو اپنے نام اورعہدے بتائیں۔

- آپ کو کھانے کے معمول کے اوقات پر وقفہ دیا جانا چاہیے اور تقریباً دو گھنٹوں کے بعد مشروبات کے لیے وقفہ دیا جانا چاہیے۔
- آپ کو حراست کے دوران کسی بھی 24 گھنٹوں میں کم از کم 8 گھنٹوں کے لیے آرام کا وقت دیا جانا چاہیے۔

## مذہبی ضروریات

پولیس سٹیشن میں موجودگی کے دوران اگر آپ کو اپنے مذہب پر عمل کرنے کے لئے کسی چیز کی ضرورت ہو تو پولیس کو بتائیں۔ وہ ضرورت کے مطابق مذہبی کُتب اور دیگر اشیاء مہیا کر سکتے ہیں۔

# وہ اوقات جب معمول کےقوانین مختلف ہوتے ہیں

### آپ کی مدد کے لیے کسی وکیل کو بلانا

بعض اوقات پولیس کو آپ سے فوری طور پر سوالات پوچھنے کی ضرورت ہوتی ہے، پیشتر اس کے کہ آپ کسی وکیل سے بات کریں۔ اس طرح کے مخصوص اوقات کے بارے میں معلومات کوڈز آف پریکٹس میں دی گئی ہیں۔ یہ وہ قواعد ہیں جو یہ بیان کرتے ہیں کہ آپ کی پولیس سٹیشن میں موجودگی کےدوران پولیس کیا کر سکتی ہے اور کیا نہیں کر سکتی۔ اگر آپ تفصیلات دیکھنا چاہتے ہیں، تو یہ کوڈزآف پریکٹس کے کوڈ سی کے پیراگراف 6.6 میں درج ہیں۔

کُچھ ایسے مخصوص اوقات بھی ہوتے ہیں جب پولیس آپ کو آپ کے منتخب کردہ مخصوص وکیل سے بات کرنے کی اجازت نہیں دے گی۔ جب ایسا ہوتا ہے تو آپ کو لازمی طور پر اس بات کی اجازت دی جانی چاہیے کہ آپ کسی اور وکیل کا انتخاب کر سکیں۔ اگر آپ اس سلسلے میں تفصیلات دیکھنا چاہتے ہیں تو یہ کوڈزآف پریکٹس کے کوڈ سی کے ضمیمہ بی میں موجود ہیں۔

### کسی کو یہ بتانا کہ آپ پولیس سٹیشن میں ہیں

کُچھ ایسے مخصوص اوقات بھی ہوتے ہیں جن میں پولیس آپ کو کسی سےرابطہ کرنےکی اجازت نہیں دے گی۔ اس طرح کے مخصوص اوقات کے بارے میں معلومات کوڈز آف پریکٹس میں دی گئی ہیں۔ اگر آپ تفصیلات دیکھنا چاہتے ہیں تو یہ کوڈز آف پریکٹس کے کوڈ سی کے ضمیمہ بی میں موجود ہیں۔

### شراب پی کرگاڑی چلانا اورمنشیات کےزیراثرگاڑی چلانےکےجرائم

اگر آپ شراب پی کر گاڑی چلانے یا منشیات کےزیراثرگاڑی چلانے کے جُرم کی وجہ سےحراست میں ہیں تو آپ کو ایک وکیل سے بات کرنے کا حق حاصل ہے۔ اس حق کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ پولیس کو سانس، خون یا پیشاب کے نمونے دینے سے انکار کریں، چاہے آپ نے ابھی کسی وکیل سے بات چیت نہ بھی کی ہو۔

## ذہنی صحت کےقانون مینٹل ہیلتھ ایکٹ 1983 کے تحت حراست

پولیس لوگوں کو ذہنی صحت کے قانون کے تحت تجزیئے کے لیے بھی زیر حراست رکھ سکتی ہے۔ اگرآپ کی عُمر18 سال یا اُس سے زیادہ ہےاورکیونکہ اس بات کا خطرہ ہے کہ آپ کا رویہ آپ یا دوسروں کے لئے سنگین نوعیت کےزخم یا موت کا باعث بن سکتا ہے، توآپ کےبارےمیں معقول طورپرتوقع نہیں کی جا سکتی کہ آپ کوکہیں اور زیر حراست رکھا جاسکتا ہے۔ اگر آپ کو ذہنی صحت کے قانون کے تحت زیر حراست رکھا گیا ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ کو کسی جُرم کی وجہ سے گرفتار کیا گیا ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ پولیس کو لازمی طور پر یہ بندوبست کرنا چاہیے کہ آپ کا معائنہ کسی ایسے ڈاکٹر یا ذہنی صحت کے تصدیق شُدہ ماہر سے کروائیں جو تجزیہ کرنے میں سند یافتہ ہو۔ آپ کا تجزیہ لازمی طورپر آپ کی آمد کے، یا آپ کوپولیس اسٹیشن پرزیرحراست لئے جانے کے24 گھنٹوں کے اندراندر ہونا چاہیئے، لیکن پولیس کوشش کرے گی کہ یہ جتنا جلدی ممکن ہو سکے کیا جائے۔ کسی پولیس اسٹیشن پر تجزئیے کے لئے24 گھنٹےکی حراست کی مُدت میں مزید 12 گھنٹے کی توسیع کی جاسکتی ہےاگرکوئی ڈاکٹرسمجھتا ہے کہ یہ ضروری ہے اور ایک اعلیٰ درجےکا سینئرپولیس افسراس کی منظوری دیتا ہے۔ اس وقت کےدوران پولیس آپ کوایک مزید موزوں مقام پرمنتقل کرسکتی ہےتاکہ تجزیہ کئے جانا ممکن ہو سکے۔

جب آپ اپنےتجزئیے کے لئے انتظار کر رہے ہونگے، پولیس آپ کا طبی معائنہ صحت کے کسی تسلیم شُدہ ماہر سے کروا سکتی ہے۔ وہ تجزیہ تو نہیں کر سکیں گے لیکن وہ صحت سے متعلق آپ کے کسی دیگر خدشات میں آپ کی مدد کریں گے اور یہ واضح کرنے میں بھی مدد کریں گے کہ ایک تجزیئے کا کیا مطلب ہوتا ہے۔

## غیر جانبدار حراستی ملاقاتی (انڈیپینڈنٹ کسٹڈی وزیٹرز)

معاشرےکےکچھ ایسے اراکین ہوتے ہیں جن کو غیر اعلانیہ طور پر پولیس سٹیشنوں تک رسائی کی اجازت ہوتی ہے۔ ان کو انڈیپینڈنٹ کسٹڈی وزیٹرز کہا جاتا ہے اور وہ اس امر کو یقینی بنانے کے لیے رضاکارانہ بنیادوں پر کام کرتے ہیں کہ حراست میں موجود لوگوں کےساتھ مناسب سلوک روا رکھا جائے اوران کو اپنے حقوق تک رسائی حاصل ہو۔

آپ کو کسی انڈیپینڈنٹ کسٹڈی وزیٹر کےساتھ ملاقات کا حق حاصل نہیں ہے اور آپ یہ درخواست نہیں کر سکتے کہ کوئی انڈیپینڈنٹ کسٹڈی وزیٹر آپ سے ملے۔ اگر آپ کے حراست میں ہونے کے دوران کوئی انڈیپینڈنٹ کسٹڈی وزیٹر آپ سے ملتا ہے تو وہ پولیس سےآزاد رہ کر اس امر کی پڑتال کر رہے ہونگے کہ کیا آپ کی فلاح اورحقوق کا تحفظ کیا گیا ہے۔ تاہم اگر آپ اُن سے بات نہ کرنا چاہیں تو آپ اس سے انکار کر سکتے ہیں۔

## شکایت کیسے کی جائے

اگرآپ اُس طریقہ کار کے بارے میں شکایت کرنا چاہتے ہیں جس سےآپ کے ساتھ سلوک روا رکھا گیا ہے تو کسی ایسے پولیس افسر سے بات کرنے کے لیے کہیں جو انسپکٹر ہو یا اونچے درجے کا عہدہ رکھتا ہو۔ رہائی کے بعد، آپ کسی پولیس سٹیشن، انڈی پینڈینٹ آفس فارپولیس کنڈکٹ (آئی اوپی سی) یا کسی وکیل کے ذریعے بھی شکایت کر سکتے ہیں یا آپ کا ممبر پارلیمنٹ آپ کی جانب سے شکایت کر سکتا ہے۔